# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 5 کے لئے



# ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

# سیشن 1

10 منٹ

- کتاب کا title page بچوں کو دکھائیں اور پوچھیں کہ کتاب آپ کے خیال میں کس کے بارے میں ہے۔ اس page پر بنی تصویر سے کیا لگتا ہے کہ اختر میاں کی کیا عمر ہے۔ ان کے آس پاس کیڑے مکوڑے آپ کے خیال میں کیوں بنے ہیں وغیرہ۔ بچے جو بھی جوابات دیں اس پر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

10 منٹ

- آہستہ آہستہ کہانی پڑھیں۔ مشکل الفاظ کے معنی بتائیں۔ کہانی کے بارے میں بات چیت کریں۔ بچوں سے کہیں کہ اختر میاں اپنے تجربے کے لئے سرسوں کا تیل استعمال کرتے تھے۔ ان سے پوچھیں کہ آپ کے گھر میں تیل کون سے کاموں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

  - بچوں کے جوابات سننے کے بعد خود بھی کچھ معلومات دیں جیسے تیل استعمال ہوتا ہے :

    1) کھانا پکانے اور تلنے کے لئے
    2) سر اور جسم پر لگانے کے لئے
    3) کسی درد میں مالش کے لئے (جوڑوں کے درد وغیرہ)
    4) دوا کے طور پر

15 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ تیل ہمیں کہاں سے ملتا ہے؟ ان کے جوابات سننے کے بعد بتائیں کہ تیل ہمیں پھلوں پھولوں سبزیوں کے بیجوں اور nuts سے حاصل ہوتا ہے۔ ہر طرح کے تیل کی چند مثالیں دیں اور بچوں سے بھی مثالیں پوچھ کر بورڈ پر لکھیں :

| تیل کا ذریعہ | مثالیں |
|---|---|
| پھل | ناریل زیتون |
| پھول | چنبیلی سورج مکھی سرسوں |
| سبزی | سویا بین مکئی |
| nuts | مونگ پھلی بادام اخروٹ |

- بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھا گیا کام اپنی کوپی میں لکھیں۔

## گھر کا کام

10 منٹ
- ایسی 10 چیزوں کے نام لکھیں جو آپ کے خیال میں اختر میاں نے سودے میں خریدی ہوں گی۔

# سیشن 2

20 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کہ عام طور پر باغ میں کون کون سے کیڑے مکوڑے ہوتے ہیں؟

- بچے جو جواب دیں انہیں بورڈ پر ایک کولم میں لکھیں۔ اس فہرست میں چند ناموں کا اضافہ خود بھی کریں۔ بعد میں دوسرے کولم میں ان کیڑے مکوڑوں کے انگریزی میں نام بھی لکھیں۔

- بچوں سے کہیں کہ یہ فہرست اپنی کوپی میں لکھیں۔ ٹیچر کی سہولت کے لئے عام کیڑے مکوڑوں کی ایک فہرست نیچے دی جا رہی ہے۔

| کیڑے مکوڑے | Insects |
|---|---|
| مکھی | fly |
| چیونٹی | ant |
| بھنورا | bumble-bee |
| تتلی | butterfly |
| کیچوا | earthworm |

| کیڑے مکوڑے | Insects |
|---|---|
| جھینگر | cricket |
| گھونگھا | snail |
| شہد کی مکھی | honey bee |
| بیر بہوٹی | lady brid |
| دیمک | termite |

20 منٹ
- بچوں کو باہر لے جائیں۔ ان کو کہیں کہ آس پاس درختوں، پودوں یا زمین پر غور سے دیکھیں کہ کون کون سے کیڑے مکوڑے ہیں۔ واپس کلاس میں آ کر اوپر دی گئی لسٹ میں ان کیڑے مکوڑوں پر نشان لگائیں اور تصویریں بنائیں جو انہوں نے باہر دیکھے ہیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- کتاب کے صفحہ 6 - 1 سے املا کے لئے تیاری کر کے آئیں۔

# سیشن 3

15 منٹ

- بچوں سے کہیں اپنی کوپی نکالیں اور املا لکھیں۔ بچوں کو املا کے لئے 15 - 10 الفاظ دیں۔ کچھ الفاظ یہ بھی ہو سکتے ہیں۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ملازم | لیکن | کہتے | باورچی | جھاڑ پونچھ | ہمیں | قصے |
| فارغ | کیڑے مکوڑے | جمع | سرسوں | پکاتے | چھپاتے | |
| بوتل | دھوپ | صحن | استعمال | بیچتے | منع | سفید |

10 منٹ

- املا کی اصلاح کرائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

20 منٹ

- بورڈ پر نیچے دیا گیا ٹیبل بنا کر اسی ترتیب سے حروف لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ل | ا | و |
| ھ | ب | ک |
| ر | ڑ | ی |

- بچوں سے کہیں کہ یہ ٹیبل اپنی کوپی میں اتاریں اور ٹیبل میں لکھیں حروف سے الفاظ بنائیں۔ الفاظ بنانے کے لئے انہیں ہدایات دیں کہ :

- ٹیبل میں دیئے گئے حروف سے کئی جانوروں اور دوسری چیزوں کے نام بنتے ہیں۔ ان سے 10 الفاظ اس طرح بنائیں کہ ہر لفظ میں درمیان کے خانے کے درمیان میں دیا گیا حروف 'ب' ضرور آئے اور کوئی لفظ 3 حروف سے کم نہ ہو۔

- ایک مثال دے کر بچوں کو ٹیبل سے الفاظ بنانا سمجھائیں۔ ٹیچر کی سہولت کے لئے چند الفاظ کی مثالیں نیچے دی جا رہی ہیں۔

1) ب + ل + ی = بلی
2) ب + ھ + ا + ل + و = بھالو
3) ب + ک + ر + ی = بکری
4) ب + ھ + ی + ڑ = بھیڑ
5) ب + ک + ر + ا = بکرا
6) ب + ی + ل = بیل
7) ب + ی + ک + ا + ر = بیکار
8) ر + ک + ا + ب + ی = رکابی
9) ر + ب + ڑ = ربڑ
10) ر + ب + ڑ + ی = ربڑی
11) ب + ھ + و + ل = بھول
12) ک + ب + ڑ + ا = کبڑا
13) ب + ھ + و + ک = بھوک


14) ک + ب + ڈ + ا = کبڈا

15) ک + ب + ا + ڑ + ی = کباڑی

## سیشن 4

10 منٹ • 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔

25 منٹ • اختر میاں کے بارے میں بچے پیراگراف لکھیں۔ ٹیچر بورڈ پر نیچے دیا گیا خاکہ بنائیں اور بچوں سے کہیں کہ اس کی مدد سے پیراگراف لکھیں۔




- دوسرے ان کے بارے میں کیا سوچتے ہیں :

- بچے انہیں پسند کرتے ہیں۔ (وہ کہانی سناتے ہیں اور ان کے کام دلچسپ لگتے ہیں۔)

- لوگ اعتبار کرتے ہیں (ان کا بنایا ہوا تیل خریدتے ہیں۔)

## گھر کا کام

10 منٹ

- ٹیچر نیچے دی گئی ہدایات بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی میں نوٹ کریں۔ گھر کے کسی فرد (امی/ابو یا دادا/دادی) پر مضمون لکھیں۔ جس میں نیچے دی گئی باتوں پر ایک ایک پیرا گراف شامل ہو۔ اگر ممکن ہو تو تصویر بھی لگائیں۔

- پیراگراف 1 : حلیہ (physical appearance)
- پیراگراف 2 : مزاج/عادات (character traits)
- پیراگراف 3 : آپ کو کیسے لگتے ہیں اور کیوں

## سیشن 5

10 منٹ

- 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔

10 منٹ

- بچوں سے زبانی سوال جواب کریں۔

1) اختر میاں گھر میں کیا کیا کام کرتے ہیں۔
2) اختر میاں فارغ وقت میں کیا کرتے ہیں۔
3) اختر میاں اپنے بنائے ہوئے تیل کا کیا کرتے ہیں۔
4) اختر میاں کے تیل کے کیا فوائد ہیں۔
5) اسکول سے آتے ہی بچے کیا کام کرنے لگ جاتے ہیں۔
6) بلی کے ساتھ کیا ہوا۔
7) تیل لگانے کے بعد بلی کے ساتھ کیا ہوا۔
8) آپ نے کبھی کسی جانور کی مدد کی ہے۔

(9 آپ اپنے فارغ وقت میں کیا کرتے ہیں۔

(a) یہ کام دن کے کس حصے میں کرتے ہیں۔

(b) کیا آپ یہ کام کرتے وقت گھر والوں سے مدد لیتے ہیں۔

(c) کیا گھر والے آپ کے فارغ وقت کے کاموں سے تنگ آ جاتے ہیں۔

25 منٹ

- سوال نمبر 9 بورڈ پر لکھیں اور جواب بچے اپنی کوپی میں لکھیں۔

# سیشن 6

20 منٹ

- بچوں کو بتائیں کہ اختر میاں گھر کے ملازم تھے۔ گھر میں کام کرنے والے مرد کو ملازم اور عورت کو ملازمہ کہتے ہیں۔ اسی طرح دوسرے پیشوں میں بھی مرد اور عورت (مذکر/مونث) کے لئے مختلف الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔

- مختلف پیشوں سے تعلق مذکر/مونث بورڈ پر لکھیں۔

- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کوپی میں اتاریں۔

| مذکر | مونث |
|---|---|
| ملازم | ملازمہ |
| باورچی | باورچن |
| مالی | مالن |
| درزی | درزن |

| مذکر | مونث |
|---|---|
| استاد | استانی |
| دھوبی | دھوبن |
| نوکر | نوکرانی |
| | |

## رول پلے

25 منٹ

- دو دو بچے مل کر دیئے گئے کسی ایک پیشہ سے تعلق رکھنے والے فرد کی اپنی والدہ کے ساتھ گفتگو کا رول پلے کر کے دکھائیں۔ اس موقع پر نظم و ضبط کا خاص خیال رکھیں۔

# اختر میاں

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk